# ماڈل پیپر"معاشیات"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

### حصہ معروضی

وقت: 30منٹ — کل نمبر:20

نوٹ۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4(چار) ممکنہ جواب A، B،C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A،B،C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) درج ذیل میں سے کون سا معیشت دان معاشیات کا بانی کہلاتا ہے؟
(الف) ریکاڈو (ب) جے۔ایس۔مل (ج) رابنز (د) ایڈم سمتھ

(ii) جب کسی شے کا کل افادہ زیادہ سے زیادہ ہو تو مختتم افادہ ہوتا ہے۔
(الف) منفی (ب) صفر (ج) مثبت (د) زیادہ سے زیادہ

(iii) پائیدار اشیاء کی طلب کی لچک ہوتی ہے۔
(الف) اکائی سے کم (ب) اکائی سے زیادہ (ج) اکائی کے برابر (د) صفر

(iv) نعم البدل والی اشیاء کی طلب کی لچک ہوتی ہے۔
(الف) زیادہ لچک دار (ب) کم لچکدار (ج) صفر لچک (د) لامحدود لچک

(v) جب قیمت میں تبدیلی کے بغیر کسی شے کی رسد بڑھ جائے تو اسے کہتے ہیں۔
(الف) رسد کا گھٹنا (ب) رسد کا پھیلنا (ج) رسد کا سکڑنا (د) رسد کا بڑھنا

(vi) جب رسد اور طلب میں یکساں کمی ہو تو قیمت۔
(الف) بڑھ جاتی ہے (ب) کم ہو جاتی ہے (ج) برابر رہتی ہے (د) کوئی بھی نہیں

(vii) کون سے عامل پیدائش کا معاوضہ پہلے سے طے شدہ نہیں ہوتا؟
(الف) محنت (ب) زمین (ج) آجر (د) سرمایہ

(viii) قانون تکثیر حاصل کا دوسرا نام ہے۔
(الف) تکثیر مصارف (ب) تقلیل مصارف (ج) یکسانی مصارف (د) کوئی بھی نہیں

(ix) عام طور پر قانون تقلیل حاصل کا نفاذ کس شعبہ پر ہوتا ہے؟
(الف) تجارت (ب) صنعت (ج) زراعت (د) کوئی بھی نہیں

(x) کسی شے کی زائد اکائی پیدا کرنے سے کل لاگت میں اضافہ کہلاتا ہے۔
(الف) اوسط اخراجات (ب) متغیر اخراجات (ج) مختتم اخراجات (د) معین اخراجات

(xi) اجارہ دار کا خط طلب کہلاتا ہے۔
(الف) کل وصولی (ب) اوسط وصولی (ج) مختتم وصولی (د) کوئی بھی نہیں

(xii) عرصہ وقت کے لحاظ سے منڈی کی قسمیں ہوتی ہیں۔
(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) چھ

(xiii) نام نہاد لگان کا تصور کس نے پیش کیا؟

(الف) مارشل (ب) ریکارڈو (ج) کینز (د) مالتھس

(xiv) نظریہ مختتم پیداواروں کے مطابق مزدور کے معاوضہ کا تعین کرتا ہے۔

(الف) مالک (ب) حکومت (ج) مزدور (د) مختتم پیداوار

(xv) مختتم زمین پر لگان ہوتا ہے۔

(الف) زیادہ سے زیادہ (ب) کم سے کم (ج) صفر (د) کوئی بھی نہیں

(xvi) شرح سود کم ہونے سے بانڈوں کی قیمت۔

(الف) کم ہو جاتی ہے (ب) بڑھ جاتی ہے (ج) تبدیل نہیں ہوتی (د) کوئی بھی نہیں

(xvii) قانون متغیر تناسبات کے مراحل ہوتے ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

(xviii) جغرافیائی حرکت پذیری ممکن نہیں ہے۔

(الف) محنت (ب) سرمایہ (ج) زمین (د) تنظیم

(xix) مختتم وصولی صفر ہو تو کل وصولی ہوتی ہے۔

(الف) کم سے کم (ب) زیادہ سے زیادہ (ج) صفر (د) کم ہو رہی ہوتی ہے

(xx) کون سی تنظیم اپنے حصص عام بازار میں فروخت کر سکتی ہے۔

(الف) شراکت (ب) پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی (ج) پبلک لمیٹڈ کمپنی (د) انجمن امداد باہمی

# ماڈل پیپر "معاشیات"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-I

(حصہ انشائی)

وقت:2:30 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر:80

نوٹ- سوال نمبر 1،2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 25 (پچیس) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔

## حصہ اول　　　　　　　　25x2=50

**سوال نمبر 1- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) معاشی مسئلہ سے کیا مراد ہے؟

(ii) علم الہدائت کی تعریف بیان کی کیجئے ؟

(iii) جزوی معاشیات سے کیا مراد ہے ؟

(iv) صرف دولت سے کیا مراد ہے ؟

(v) منفی افادہ سے کیا مراد ہے؟

(vi) خط عدم ترجیح کی تعریف کیجئے۔

(vii) جماعت بندی سے کیا مراد ہے ؟

(viii) مساوات اور متماثلہ میں کیا فرق ہے؟

(ix) علامتی ساکنات / پیرامیٹرز کی تعریف کیجئے۔

**سوال نمبر 2- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) طلب میں تبدیلی سے کیا مراد ہے۔

(ii) متقاطع لچک کی تعریف بیان کیجئے۔

(iii) زیادہ لچکدار اشیاء پر ٹیکس کیوں نہیں لگایا جاتا۔

(iv) رسد اور ذخیرہ میں فرق بیان کیجئے۔

(v) رسد کی صفر لچک سے کیا مراد ہے ؟

(vi) قانون رسد کی تعریف بیان کیجئے۔

(vii) توازنی قیمت سے کیا مراد ہے؟

(viii) توازن میں تبدیلی سے کیا مراد ہے؟

(ix) ضیاع پذیر اشیاء کی تعریف بیان کیجئے۔

**سوال نمبر 3- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) تفاعلی پیدائش کی تعریف بیان کیجئے۔

(ii) محنت کی قوت سودا بازی سے کیا مراد ہے؟

(iii) سرمایہ کی حرکت پذیری سے کیا مراد ہے؟

(iv) پیمانہ پیدائش کی تعریف بیان کیجئے۔

(v) ضمنی پیداوار سے کیا مراد ہے؟

(vi) قوانین حاصل کا قوانین مصارف کے ساتھ کیا تعلق ہے ؟

(vii) عرصہ قلیل کے مصارف سے کیا مراد ہے؟

(viii) اوسط اور مختتم مصارف میں کیا تعلق ہے ؟

(ix) عرصہ قلیل اور عرصہ طویل میں فرق بیان کیجئے۔

**سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) مکمل مقابلہ کی خصوصیات بیان کریں۔

(ii) فرم کے توازن سے کیا مراد ہے ؟

(iii) اجارہ داری کے تحت اوسط وصولی اور مختتم وصولی کے درمیان کیا تعلق ہے۔

(iv) منڈی کا مفہوم بیان کریں۔

(v) مقامی منڈی کی تعریف بیان کیجئے۔

(vi) منڈی کے لوازمات بیان کیجئے۔

(vii) مختتم زمین سے کیا مراد ہے؟

(viii) صفر شرح سود سے کیا مراد ہے؟

(ix) مختتم پیداوار کی مالیت سے کیا مراد ہے؟

(x) پاکستان میں اجرتیں کم ہونے کی کوئی سی چار وجوہات تحریر کیجئے۔

## حصہ دوم

**نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔** 30=10x3

سوال نمبر 5۔ مارشل کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 10

سوال نمبر 6۔ خطوط عدم ترجیح کی خصوصیات کا تجزیہ کیجئے۔ 10

سوال نمبر 7۔ درج ذیل مساواتوں کو حل کریں۔ 10

(i) $8X+2=18$ (ii) $2(X+5)=2(X-2)$

سوال نمبر 8۔ طلب کی لچک کی عملی اہمیت بیان کریں۔ 10

سوال نمبر 9۔ مکمل مقابلہ اور اجارہ داری کے تحت فرم کے توازن کا موازنہ کریں۔ 10